## متحدہ قومی موومنٹ کا ملک کے استحکام، جمہوریت کے فروغ اور ملک اور سندھ کے وسیع تر مفاد میں وزارت عظمیٰ کیلئے خیرسگالی کے جذبے کے تحت ڈاکٹر فاروق ستار کو پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں غیر مشروط طور پر دستبردار کرنے کا فیصلہ

## دستبردار کرانے کا اعلان مسلم لیگ ق اور اس کی اتحادی جماعتوں سے صلاح مشورے کے بعد کیا جائے گا

## آصف زرداری اور الطاف حسین کے درمیان چوبیس گھنٹوں کے دوران بات چیت کے دو دور ہوئے

لندن۔۔۔21مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نے پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی درخواست پر ملک کے استحکام، جمہوریت کے فروغ، سندھ میں دیہی اور شہری آبادی کو قریب لانے اور ملک اور سندھ کے وسیع تر مفاد میں وزارت عظمیٰ کیلئے خیرسگالی کے جذبے کے تحت متحدہ قومی موومنٹ کے امیدوار کو غیر مشروط طور پر پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں دستبردار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے درمیان گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بات چیت کے دو دور ہوئے۔ بات چیت کا پہلا دور جمعرات کی شام ہوا جس میں آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین سے درخواست کی کہ وہ جمہوریت کے استحکام اور ملک کے مفاد میں وزارت عظمیٰ کے انتخاب میں اپنے امیدوار کو پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں دستبردار کرلیں تاکہ جمہوریت مستحکم ہو اور مفاہمت کی فضاء مزید پروان چڑھ سکے۔ جناب الطاف حسین نے آصف زرداری سے کہا کہ وہ اس معاملے کو رابطہ کمیٹی کے سامنے رکھیں گے جو اس بارے میں کوئی فیصلہ کرے گی۔ اسکے بعد ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے اپنا طویل اجلاس کرکے اس پر صلاح مشورہ کیا اور ملک اور سندھ کے وسیع تر مفاد میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں ایم کیو ایم کے امیدوار کو غیر مشروط طور پر دستبردار کرنے کا فیصلہ کیا۔ تاہم چونکہ ڈاکٹر فاروق ستار مشترکہ اپوزیشن کے نامزد امیدوار ہیں جن میں مسلم لیگ ق اور دیگر جماعتیں شامل ہیں لہٰذا انہیں دستبردار کرانے کا اعلان مسلم لیگ ق اور اس کی اتحادی جماعتوں سے صلاح مشورے کے بعد کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں کل اسلام آباد میں اپوزیشن جماعتوں کی ہنگامی میٹنگ ہوگی۔ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے آج پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں رابطہ کمیٹی کے اس فیصلہ سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے آصف علی زرداری سے کہا کہ ہم نے انتخابات کے بعد ملک اور سندھ کے وسیع تر مفاد میں خیرسگالی کا بار بار مظاہرہ کیا ہے اور اب بھی ہم نے خیرسگالی کے جذبے کے تحت ہی اپنے امیدوار کو دستبردار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ملک کے وسیع تر مفاد میں خیرسگالی کے جس جذبہ کا اظہار کیا ہے اسکے جواب میں ہمیں امید ہے کہ آپ بھی ہمیں مایوس نہیں کریں گے۔ آصف زرداری نے اس فیصلہ پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلاتے ہوئے کہا کہ یہ ان کا وعدہ ہے کہ وہ ایم کیو ایم کو مایوس نہیں کریں گے اور مل کر چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے اس فیصلے سے جمہوریت مضبوط ہوگی، ملک میں استحکام آئے گا اور مفاہمت کی فضاء پروان چڑھے گی۔ آصف زرداری نے کہا کہ اب ہمیں ماضی کی غلطیاں نہیں دہرانی چاہئیں اور اپنے عمل سے عوام کے دل جیتنا چاہئیں۔ جناب الطاف حسین نے آصف زرداری سے کہا کہ ہم خلوص دل، نیک نیتی اور ایمانداری سے مضبوط اور دیرپا تعلقات چاہتے ہیں اور ہم نے آج جو شروعات کی ہیں انشاءاللہ اسے مستقبل میں بھی جاری رکھیں گے۔ دونوں رہنماؤں نے بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت عید میلا دالنبیؐ جوش وجذبے سے منایا گیا

## جشن عید میلا دالنبیؐ کے مرکزی جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپس لگائے گئے

## عاشقان رسولؐ کیلئے ٹھنڈے پانی کی سبیلیں اور شرکاء پر عطر کا چھڑکاؤ اور گل پاشی کی گئی

## فاروق ستار، انور عالم، عبدالحسیب اور شعیب بخاری کا نومنتخب اراکین کے ہمراہ کیمپوں کا دورہ

## ایم کیوایم کے نائن زیرو سمیت قرب وجوار کی تمام عمارتوں، شاہراہوں اور گلیوں کو برقی قمقموں سے سجادیا گیا

کراچی۔۔۔21، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت امام الانبیاء سرکارِ دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا یوم ولادت ہر سال کی طرح اس سال بھی کراچی سمیت ملک بھر میں مذہبی جوش وجذبے سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے زبردست انتظامات کیے گئے تھے اور ایم کیوایم کے مرکز المعروف ''نائن زیرو'' سمیت ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم میموریل ہال اور قرب وجوار کی تمام عمارتوں اور نائن زیرو جانیوالی تمام شاہراہوں اور گلیوں کو برقی قمقموں سے سجایا گیا تھا۔ عید میلا دالنبیؐ کے پرمسرت موقع پر کراچی میں جشن عید میلا دالنبی ﷺ کے مرکزی جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کی جانب سے مختلف مقامات پر استقبالیہ کیمپ بھی لگائے گئے۔ ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب بخاری کے ہمراہ ایم کیوایم کے کیمپوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر نومنتخب حق پرست اراکین سندھ اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، سیکٹر کمیٹیوں کے اراکین اور مقامی کارکنان بھی کیمپوں پر موجود تھے۔ ایم کیوایم کے کارکنان نے جلوسوں کے شرکاء پر گل پاشی کی اور عطر کا چھڑکاؤ کیا اور جلوسوں میں شریک عاشقان رسولؐ کو جشن عید میلا دالنبیؐ کی مبارکباد پیش کی۔ ایم کیوایم کے کیمپوں پر لاؤڈ اسپیکروں کے ذریعے نعت خوانی کا سلسلہ جاری رہا جبکہ ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کی جانب سے سرکار دو عالمؐ پر درود وسلام بھی بھیجا جاتا رہا۔ ایم کیوایم کے کیمپوں پر عاشقان رسولؐ کیلئے ٹھنڈے پانی کی سبیلیں بھی لگائی گئیں جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کی میڈیکل کمیٹی کی جانب سے جلوسوں کی گزرگاہوں طبّی امدادی کیمپ بھی لگائے گئے تھے جہاں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضروری آلات سے لیس خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس بھی موجود تھیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے نمائش چورنگی، گرومندر، لائنز ایریا، دل پسند مٹھائی اور اللہ والا مارکیٹ بندر روڈ پر قائم ایم کیوایم کے مرکزی کیمپوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر نومنتخب اراکین سندھ اسمبلی مقیم عالم، طاہر قریشی، شعیب ابراہیم، عسکری تقوی اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری نے منتخب اراکین اسمبلی کے ہمراہ لیاقت آباد، ناظم آباد گلبہار، فردوس کالونی کے مرکزی کیمپوں کا دورہ کیا اور عید میلا دالنبیؐ کے جلسوں میں شرکت کی۔ جشن عید میلا دالنبیؐ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے سیکٹروں اور یونٹوں کی سطح پر بھی استقبالیہ کیمپ اور ٹھنڈے پانی کی سبیلیں لگائی گئیں۔ اس موقع پر جلوس کے شرکاء پر گل پاشی اور عطر کا چھڑکاؤ کیا گیا۔ اسی طرح کراچی کے تمام ٹاؤنز میں حق پرست ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین کی جانب سے بھی شہر کے مختلف علاقوں میں عید میلا دالنبیؐ کے جلوسوں کی گزرگاہوں پر استقبالیہ کیمپ لگائے گئے ہیں۔

## ایم کیوایم برنس روڈ کے کارکن کی والدہ منی بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن ونائب ناظم محمد عارف گدی کی والدہ منی بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆